سوال

(61)نئے اسلامی سال کی مبارکباد دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیانئے اسلامی سال کی مبارکباد دینا جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے پوچھا گیا کہ نئے سال کی مبارکباد دینے کا حکم کیا ہے اور مبارکباد دینے والے کو کیا جواب دینا چاہیے ؟ توآپ کا جواب تھا :

اس مسئلہ میں صحیح یہی ہے کہ : اگر کوئی شخص آپ کو مبارکباد دیتا ہے تو اسے جوابا مبارکباد دو لیکن اسے نئے سال کی مبارکباد دینے میں خود پہل نہ کرو، مثلا اگر کوئی شخص آپ کو یہ کہتا ہے کہ :

ہم آپ کو نئے سال کی مبارکباد دیتے ہیں ، توآپ اسے جواب میں یہ کہیں : اللہ تعالی آپ کو خیر وبھلائی دے اور اسے خیر وبرکت کا سال بنائے ، لیکن آپ لوگوں کو نئے سال کی مبارکباد دینے میں پہل نہ کریں ، اس لیے کہ میرے علم میں نہیں کہ سلف رحمہم اللہ تعالی میں سے کسی ایک سے یہ ثابت ہو کہ وہ نئے سال پر کسی کو مبارکباد دیتے ہوں ۔

بلکہ یہ بات بھی آپ کے علم میں ہونا ضروری ہے کہ سلف رحمہ اللہ تعالی نے تو محرم کے مہینہ کو نئے سال کی ابتداء نہیں بنایا بلکہ یہ تو عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے دور خلافت میں شروع ہوا ۔

(یہ جواب موسوعہ اللقاء الشہری والباب المفتوح سوال نمبر (853) اصدار اول ناشر مکتب الدعوة الارشاد عنیزہ القصیم سے لیا گیا ہے ۔)

اور شیخ عبدالکریم الخضیر نے ھجری سال کے شروع ہونے کی مبارکباد دینے کے بارے میں کہا ہے :

کسی مسلمان کو تہواروں مثلا عید وغیرہ پر دعا کے الفاظ کو عبادت نہ بتاتے ہوئے مطلقاً دُعا دینے میں کوئی حرج والی بات نہیں ، اور خاص کر ایسا کرنے میں جب محبت ومودت اور خوشی وسرور مسلمان کے سے خوشدلی سے پیش آنا مقصود ہو۔

امام احمد رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

میں مبارکباد دینے میں ابتداء نہیں کروں گا، لیکن اگر مجھے کوئی مبارکباد دے تو میں اسے جواب ضرور دوں گا، اس لیے کہ سلام کا جواب دینا واجب ہے، لیکن مبارکباد دینے کی ابتداء کرنا سنت نہیں نہ اس کا حکم دیا گیا ہے اور نہ ہی اس سے روکا گیا ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ